© rasailojaraid.com



ہیں اور دینی کتب کی نشر و اشاعت کا ذوق بھی انہوں نے اپنے جدِ امجد سے ہی ورثہ میں پایا ہے۔ انہوں نے مندرجہ بالا کتاب کو شائع کر کے "حدیث دوستی" کا قابلِ ذکر ثبوت دیا ہے۔ اس موضوع پر موصوف کی یہ چوتھی پیشکش ہے۔ اس کے بعد ان کے سامنے "تدریب الراوی" کی اشاعت ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کا ان کو اجرِ عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔

اسی مقدمہ ابن صلاح پر نہ جانے کتنا اور کیسا کچھ کام ہوا ہے؟ یہ ایک طویل داستان ہے۔ بہرحال اصولِ حدیث کے موضوع پر جو امہات الکتب ملتی ہیں' ان میں سے ایک یہ بھی ہے۔ اور اس کے بعد جو بھی آیا ہے۔ اس کا ماخذ بھی یہی چلی آ رہی ہے۔

۲۔ کتاب الجنائز ...... حضرت الامام محدث وقت الشیخ عبدالرحمٰن مبارک پوری

صفحات ........ ۱۰۰

قیمت ........ ۴ روپے

پتہ ........ فاروقی کتب خانہ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان

مرنا سبھی کو ہے۔ تاہم مرنے مرنے میں فرق ہے۔ اسی طرح اپنے اپنے مردہ کو سبھی دفناتے اور کفناتے ہیں۔ مگر اس میں بھی بڑا فرق ہے۔ کچھ کو تو دفناتے ہیں اور کچھ کو تو پھینک ہی آتے ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا خاتمہ بھی بالخیر اور صحیح معنے میں مسنون طریقے سے آپ کو دفنایا جائے تو مندرجہ بالا کتاب کا مطالعہ ضرور کریں کیونکہ یہ ایک عظیم محدث اور شارح حدیث کی مبارک تالیف ہے۔

اسی موضوع پر اور بھی بہت سی کتب ملتی ہیں۔ مگر محدثانہ نقد و نظر اور کسوٹی کی حامل صرف یہی کتاب ہے جس میں عامیانہ خوش فہمیاں مفقود اور واعظانہ رنگینیاں بالکل ناپید ہیں۔

مرحوم کے اس آخری سفر کو جس طرح لوگ رواج اور رسومات سے بوجھل بنا دیتے ہیں اس میں ان کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور آپؐ کے صحابہؓ نے اپنے اپنے مرحوموں کو کس طرح کفنایا اور دفنایا کس طرح الوداع کہی اور کیونکر ان کو اپنے آخری گھر کے حوالے کیا۔ یہ ساری تفصیل آپ کو اسی کتاب میں ملے گی اس لئے ہر سب کو مطالعہ کرنا چاہیئے۔ شاید مسنون موت اور مسنون سفر کی دولت ہاتھ آ جائے۔ مؤلفِ کتاب ترمذی شریف کے شارح اور متعدد کتبِ حدیث کے مؤلف ہیں۔ رحمہ اللہ

۳۔ خطبات التوحید ...... حضرت مولانا احمد اللہ میرٹھیؒ

صفحات ........ ۲۰۰

قیمت ...... روپے

© rasailojaraid.com